**باکس 1: اسٹیٹ بینک کا نظامیاتی خطرے کا سروے تیرھویں لہر (جنوری 2024ء)**

اسٹیٹ بینک نے اپنے دو سالہ نظامیاتی خطرے کے سروے (SRS) جستجو کی تیرھویں لہر جنوری 2024ء میں مکمل کی۔ اس کا مقصد یہ تھا کہ مارکیٹ کے شرکا سے مختلف خطرات کے بارے میں ان کے تاثرات معلوم کیے جائیں اور مالی نظام کے استحکام پر ان کے اعتماد کو جانچا جاسکے۔ سروے میں حال اور مستقبل (اگلے چھ ماہ کے دوران) کے بارے میں خطرے کے پانچ وسیع زمروں یعنی عالمی، کلی معاشی، مالی منڈیاں، ادارہ جاتی اور عمومی خطرے پر شرکا کے تاثرات معلوم کیے گئے۔

ایس آر ایس کے اس حالیہ ایڈیشن میں جو شرکا شامل تھے اُن کا دائرہ کار خاصا وسیع تھا، جن میں مالی اداروں کے سینئر عہدیدار، مالی جرنلسٹ، اور دیگر شامل تھے۔ مجموعی طور پر، اس مرتبہ 92 شرکا نے سروے میں حصہ لیا، جبکہ جولائی 2023ء میں یہ تعداد 98 تھی، اور اس بار جوابات کی شرح 44 فیصد تھی۔

**نتائج کا خلاصہ:**


1۔ فی الوقت مجموعی طور پر جواب دہندگان "مالی منڈیوں کے خطرات" اور "ملکی کلی معاشی حالات" اور " عالمی "ذرائع سے پیدا ہونے والی کمزوریوں کو اہم ترین خطرات کا درجہ دیتے ہیں۔ (**چارٹ الف**)۔ یہ تاثر اگلے چھ ماہ تک یہی رہے گا کیونکہ جواب دہندگان کے خیال میں خطرات کے یہ ذرائع برقرار رہیں گے (**چارٹ ب**)۔

2۔ موجودہ وقت میں اہم خطرات کے لحاظ سے، سب سے اہم پانچ خطرات (بالترتیب) یہ ہیں" :زر مبادلہ"، "ملکی مہنگائی"، "مالیاتی خسارے میں اضافہ "، "ملکی آمدنی میں کمی"، اور" توانائی کا بحران"۔ آئندہ چھ ماہ میں ان زمروں سے متعلق خطرات کے خدشات میں عمومی طور پر کمی متوقع ہے (**چارٹ ج**)۔


3۔ جواب دہندگان پاکستان کے پورے مالی شعبے پر اپنے اعتماد کا اظہار کرتے رہے۔ تاہم بینکاری نظام کے استحکام پر خاصے اعتماد کا اظہار کیا۔ جواب دہندگان کی بڑی تعداد نے مالی نظام کے استحکام کو یقینی بنانے کے لیے ضابطہ کار (اسٹیٹ بینک) کی صلاحیت پر بھی اعتماد کا اظہار کیا۔ (**چارٹ د**)۔

4۔ گذشتہ تین لہروں (گیارھویں، بارھویں اور تیرھویں) کے نتائج کے موازنے سے ظاہر ہوتا ہے کہ زیادہ تر خطرات کی اقسام میں خطرات کے خدشات میں کمی آئی ہے۔ خطرات کے خدشات میں نمایاں بہتری ان شعبوں میں دیکھی گئی: "ریاستی دیوالیہ پن"، "عالمی معاشی سست روی"، "ریٹنگ میں کمی"، اور "شرحِ سود"۔ دوسری جانب، خطرات کے خدشات میں بگاڑ ان زمروں میں دیکھا گیا: "قدرتی آفات / ماحولیاتی تبدیلی کے بڑھتے ہوئے خطرات"، "پاکستان کے لیے جغرافیائی سیاسی خطرات" اور "سائبر سیکیورٹی" (**چارٹ ہ**)۔


شکل الف: نظامیاتی خطرے کے اسباب کے بارے میں رائے - فیصد





شکل ب: نظامیاتی خطرے کے اسباب کے بارے میں رائے - اگلے چھ مہینے




شکل ج: بتائے گئے 10 اہم خطرات




شکل د: مالی استحکام پر اعتماد




شکل ہ: اسٹیٹ بینک کے نظامیاتی خطرے کے سروے کے نتائج کا موازنہ (گیارھویں، بارھویں اور تیرھویں لہریں)

| 13th Wave (Jan-24) Present (Average) | 12th Wave (Jul-23) Present (Average) | 11th Wave (Jan-23) Present (Average) | Risk Categories | |
|---|---|---|---|---|
| 2.63 | 2.70 | 2.67 | Regulatory | Institutional |
| 2.88 | 2.82 | 2.91 | Legal | |
| 2.20 | 2.31 | 2.29 | Asset quality deterioration | |
| 2.45 | 2.44 | 2.39 | Shortfall in capital requirement | |
| 2.64 | 2.79 | 2.63 | Access to funding (deposit mobilization & borrowings) | |
| 2.78 | 2.74 | 2.62 | Excessive private sector credit | |
| 2.74 | 2.81 | 2.63 | Concentration risk in PSC | |
| 3.07 | 3.07 | 3.06 | Concentration risk in mutual fund | |
| 2.70 | 2.79 | 2.76 | Operational | |
| 2.21 | 2.38 | 2.34 | Cyber security | |
| 2.72 | 2.66 | 2.61 | Disruption in financial market | |
| 2.34 | 2.55 | 2.41 | Terrorism | General |
| 2.08 | 2.26 | 2.21 | Geopolitical | |
| 2.18 | 2.11 | 2.34 | Natural disasters/ Increasing threat of climate change | |
| 2.24 | 2.22 | 2.29 | Social unrest | |

| 13th Wave (Jan-24) Present (Average) | 12th Wave (Jul-23) Present (Average) | 11th Wave (Jan-23) Present (Average) | Risk Categories | |
|---|---|---|---|---|
| 2.46 | 2.50 | 2.17 | Slowdown in global growth | Global |
| 2.78 | 2.68 | 2.38 | Sovereign default | |
| 1.97 | 1.89 | 1.93 | Lack of funding from abroad | |
| 1.89 | 2.06 | 1.82 | Volatility in commodity prices | |
| 2.00 | 1.93 | 2.00 | Slowdown in domestic growth | Macroeconomic |
| 1.82 | 1.69 | 1.67 | Increase in domestic inflation | |
| 1.82 | 1.89 | 1.79 | Widening fiscal deficit | |
| 1.89 | 1.90 | 1.74 | Deterioration of BoP | |
| 2.26 | 2.17 | 1.98 | Sovereign rating downgrade | |
| 2.27 | 2.06 | 2.22 | Slowdown in corporate sector growth | |
| 2.52 | 2.51 | 2.52 | Slowdown in infrastructure development | |
| 1.82 | 1.85 | 1.91 | Deterioration in household savings | |
| 2.80 | 2.81 | 2.69 | Volatility in real estate prices | |
| 1.89 | 1.97 | 1.73 | Energy crisis | |
| 1.84 | 1.70 | 1.75 | Political uncertainty | |
| 1.74 | 1.64 | 1.54 | Foreign exchange rate | Financial Market |
| 2.61 | 2.44 | 2.33 | Equity price | |
| 2.13 | 1.97 | 1.93 | Interest rate | |
| 2.34 | 2.16 | 2.15 | Liquidity | |

5 — 3 — 1

Very Low — Medium — Very High